The primary objective of xeriscape is to reduce the amount of water use by increasing the water efficiency of soil as water now a days is a precious resource. It uses up to 50% less water as compared to regular turf and exotic landscapes. Compared to grass, its water requirement is as low as 60% which is the non-food crop.

- **Mitigation of Heat Effect**

As compared to traditional landscapes, xeriscape provides excellent cooling of the urban suburbs due to excellent space utilization when compared to turf surfaces which is a common sight in parks and other residential spaces.

- **Minimal Care**

The other important aspect of xeriscape over traditional landscape design is that, they require less care due to encompassing of native plants which require much less care during growth as they are resistant to pertaining environment when compared to exotic induced plants which are more prone to diseases. Beside this, they maintain their beauty during water shortage and requires less cultural practices in long run.

- **Economically Viable**

The design of xeriscape mostly includes native plants which are cheap as compared to exotic plants. The allotment of nutrients to plants are much lesser than the traditional designs. In the long run, these plants are self-maintained such as succulents and most of Cacti species. A study revealed that the cost of maintenance is dramatically reduced to 55% annually using xeriscape technique.

- **Biodiversity**

Xeriscape offers a wide range of different plants when compared to regular designs which are only limited to certain number of plants. Furthermore a natural biosphere is formed using native plants which is beneficial for the environment rejuvenation.

- **Misconceptions Regarding Xeriscape**

There are many misconceptions regarding the term xeriscape which are not even near to the truth and they are as below:

- **Excessive Use of Desert Species**

Xeriscape comprises of different plant species in which there are some plants from succulents and cacti group. However, they represent only a part of whole plants used; native plants are also preferred due to their deep roots and adaptability towards the environment. These plants include plants used for different purposes such as Mimosa, Artichoke, Ice plant, Camelia, Nasturtium etc. depending on the design and utility.

- **Total Elimination of Turf**

Turf is indeed the most common entity in today's landscape. The implication of xeriscape do not completely negate the turf or grass as a whole in landscape yet it enhances the overall beauty when executed along with patches of turf side by side. Hence more space it utilized with this combination and turf is sometimes complemented with certain sedges, ground covers, Blue Fescue grass etc.

- **Impact on Property Value**

The impact of using xeriscape in residential and other spaces is much positive negating the overall presumption of general public which are particularly prone to lavish and Iconic living in different parts of the world. Xeriscape is mostly done in relatively small spaces (backyards, lawn corners, contours etc.) with maximum number of plant in an area which enhances the beauty of the property while complementing the overall scenic landscape.

- **Impact on Environment**

There is way more awareness in the modern world regarding environment than earlier. People are now more environment sensitive but they are mostly unaware of xeriscape in its true meaning and think of it as a mixture of some desert plants with large area left unturned by pavers or other inorganic mulches. In reality, xeriscape promotes native vegetation with minimal space left which indeed form a natural biosphere reviving the biodiversity of the locality.

- **Modern Implications**

Xeriscape in modern days is not limited to efficient landscape but it has also managed to secure its place in the spheres of environmental replenishments. Two of the most fascinating applications are as under:

- **Miyawaki Forest**

These urban forest were named after famous Japanese botanist Akira Miyawaki who invented the idea of growing an urban forest in minimal space from parking space to tennis court area. He promoted the native plant species and introduced two canopy concept: forest canopy and shrub canopy. The planting system includes three groups of native plants; 2-5 large main plant species making up to 50% of the forest, other native plants (mostly shrubs) make up to 40%-45%, rest is the native ground vegetation also known to some as third layer of vegetation. The advantage of Miyawaki forest system to traditional afforestation is the quick establishment of forest in 10-20 years as compared to normal 50-70 year time.

Systems of Irrigation:
The system of irrigation used mostly in xeriscape is drip irrigation which is maintained automatically according to water requirement of different plants using sensors and is well organized and installed before transplantation. However, this is not the only method of irrigation. Xeriscape requires deep infrequent irrigation. If watering is done manually or through sprinklers, the droplet size should be big with less angle of projectile to mitigate the wind effect while keeping the mulch intact.

Use of Mulch
Mulch is an important aspect of xeriscape. All of us know the impact of mulch till now as it amplifies water use efficiency, maintains moisture in soil, stops evapotranspiration from the soil surface and also complements the overall design. Mulch layer should be 2-3 inches if inorganic mulch such as gravel, pavestones etc. and it can be increased up to 4 inches if using organic mulch like pine needles, sawdust, bark wood chips, older compost or any other depending on the soil condition. Inorganic mulches are mostly use as they are stable, dense, cheap and are available in different colours which imparts huge aesthetic beauty.

Plant Biodiversity in Xeriscape
Different kinds of plants can be incorporated in xeriscape. Here are some of the plants which can be used in xeriscape along with their groups:

- **Ground Covers:** Black grass, Blue Fescue grass, Fountain grass, Artichoke, *Sedum rubrotinctum*, Vinca Minor.
- **Vines:** Trumpet Vine, Bougainvillea, Honeysuckle, Creeping fig, Grapes, Wisteria.
- **Flowering Plants:** Rudbeckia, Gaillardia, Lavender, Geranium, Ice plant, Dianthus, Candytuft.
- **Shrubs:** Camelia, Rugosa rose, Siberian saltbush, Parkinsonia, Lagerstroemia.
- **Trees:** Maidenhair tree, Crape myrtle, Bottle brush, Desert willow, Mimosa.
- **Succulents:** Yucca spp., Pineapple plant, Aeonium spp., Aloe spp., Agave spp., Crassula spp., Echeveria spp., Sansevieria spp., Adenium.
- **Cacti:** Golden Barrel cactus, Angel Wing cactus, Myrtle cactus, Optunia cactus, Star cactus, Old Man cactus. Organ Pipe cactus, Orchid Cactus.

USE OF PLANT GROWTH RETARDANTS IN TURFGRASS MANAGEMENT

Dr. Gulzar Akhtar[1], Muhammad Mubashir Shahzad[1], Dr. Kashif Razzaq[1] and Dr. Ahsan Akram[2]
[1]Department of Horticulture, MNS University of Agriculture, Multan, Pakistan
[2]Institute of Horticultural Sciences, University of Agriculture, Faisalabad

A turfgrass having great potential to make sod that can be maintained to any height and density than other grasses. There are less than 50% grass species considered as turfgrasses and commonly used to grow at urban and suburban areas associated with parks, sport fields, gardens, cemeteries, public institutions, commercial properties, roadways, and turfgrass farms. Well designed and maintained turfgrass area provides functional, recreational and aesthetic benefits to communities. The functional benefits include decreased noise pollution, soil improvement and heat dissipation, whereas, recreation benefits are development of low-cost recreation areas, safety from injuries and entertainment. Moreover, aesthetically beautiful turfgrass area increases attractiveness of a site,

improves physical and mental health, work ability, quality of life and value of a property. Turfgrass is one of the fast-growing industries in the world due to continuous growing urban areas that demands turfgrasses for landscape designing of residential, commercial and public area. In developed countries like USA and Australia, turfgrass industry occupies about 62 and 27 million acres respectively that commonly includes lawn, parks, playing areas, highways. In Pakistan, turfgrass industry is also flourishing with increasing awareness about sports, healthy environment, recreational activities but total area under turfgrass is not determined yet because non-government agencies (companies, nurseries or corporate) are dealing with use and import of turfgrasses. Use of turfgrass in all communities, has resulted in continuous demand of turfgrass management because a turfgrass area will become a weed patch without continuous maintenance. Turfgrass mowing is a primary turf management practice that enhances its quality, density, texture, color, root growth and wear tolerance. The mowing operations depends on grass growth rate that continuously changes in response to environmental conditions. Although, turfgrass growth mainly determines the mowing but other factors like mowing frequency, mowing height, maintenance of equipment, soil and turfgrass species should also be considered during planning mowing. In Pakistan, Bermudagrass (warm season turfgrass) is commonly used fast growing turfgrass, needs frequent mowing that resulted in increased labor cost. Currently, reducing mowing frequency to minimize the maintenance cost of lawns is of increasing interest.

Use of various plant growth retardants is effective to restrict turfgrass growth rate and mowing frequency without affecting its quality. According to mode of action plant growth retardants are divided in two major groups (type I and type II). Type I growth retardants viz maleic hydrazide and mefluidide absorbs in meristematic tissues and inhibits rapid cell division and differential whereas, type II like trinexapac-ethyl, prohexadione calcium, flurprimidol and paclobutrazol reduces cell elongation by interacting with gibberellic acid biosynthesis.

To evaluate the effect of such plant growth retardants a pot study was planned at MNS University of Agriculture, Multan in which different levels of maleic hydrazide and paclobutrazol were foliarly applied to five pot grown cultivars of warm season turfgrasses (Fine Dacca, Korean, Tifway 419 and Khabal). According to the data of different morphological, physiological and biochemical parameters, maximum decline in growth rate and number of mowing without affecting quality was recorded in cultivar Fine Dacca in response to foliar paclobutrazol application. Fine Dacca is one of the important and commonly used fast growing turfgrass in Pakistan. It needs frequent mowing especially during active growth period e.g. rainy season and causes lot of labor and energy cost that can be reduced by application of plant growth retardant (paclobutrazol). Therefore, it is recommended to use paclobutrazol for decreasing the number of mowing in Fine Dacca.

Maleic hydrazide application

Paclobutrazol application

درجہ بندی اور پیکنگ

صفائی اور کیورنگ کے بعد مختلف جسامت کے گٹھوں کی درجہ بندی کریں تا کہ اگلے موسم میں کاشت کے دوران ایک کھیت سے یکساں کوالٹی کے پھول حاصل کیے جاسکیں۔ بڑے گٹھوں کے ساتھ پیدا ہونے والے بچوں (Cormels) کو احتیاط سے اکٹھا کریں اور صفائی کے بعد سردخانے میں الگ ذخیرہ کریں تا کہ گٹھوں کی مزید پیداوار کے لیے اگلے سیزن میں الگ کھیت میں ان کی بوائی کی جاسکے۔ گٹھوں کی درجہ بندی ان کے محیط کے لحاظ سے کی جاتی ہے۔ 7/8 سینٹی میٹر والے گٹھوں سے مراد ہے کہ اس لاٹ میں گٹھوں کا محیط (Circumference) 7 اور 8 سینٹی میٹر کی رینج میں ہے۔ گٹھوں کا محیط بہتر پیداوار میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ بڑے محیط کے گٹھوں سے ایک سے زائد تراشیدہ پھول حاصل ہوتے ہیں اور فی پھول پھلچیوں (Florets) کی تعداد بھی زیادہ ہوتی ہے۔ ایسے بچے جن کا محیط 4 سینٹی میٹر سے زائد ہو وہ پہلے سیزن کے دوران ہی اپنی نشوونما کے بعد پھول بھی دے دیتے ہیں جبکہ 4 سینٹی میٹر سے چھوٹے محیط والے بچے پہلے سیزن میں صرف گٹھے بناتے ہیں اور اگلے سیزن میں پھولوں کے حصول کے لیے دوبارہ کاشت کیے جاتے ہیں۔

سردخانے میں ذخیرہ اندوزی

سردموسمی خطوں مثلاً کشمیر، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخواہ کے کچھ علاقوں میں گلائل کو موسمِ گرما کے دوران کاشت کیا جاتا ہے چونکہ موسم سرما کے دوران ان علاقوں میں درجہ حرارت خاصا کم ہوتا ہے لہٰذا ان علاقوں میں کاشت کی صورت میں گٹھوں کو سردخانے میں رکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے اور زمین کے اندر ہی گٹھے اپنی خوابیدگی کے دورانیہ کو مکمل کر کے دوبارہ نشوونما کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔ ان علاقوں میں زمین کی نکاسئ آب کی صلاحیت کافی عمدہ ہے لہٰذا گلائل کے گٹھوں کو خوابیدگی کو مکمل کرنے کے لیے موسمِ سرما کے دوران زمین میں ہی رہنے دیا جاتا ہے۔ مقامی سطح پر گلائل کے گٹھوں کی پیداوار کے لیے بھی یہ علاقے نہایت موزوں ہیں۔ ان علاقوں میں کم لاگت سے عمدہ کوالٹی گٹھے تیار کیے جاسکتے ہیں جس سے گلائل کی کاشت کے لیے درکار گٹھوں کی مقامی ضروریات کو با آسانی پورا کیا جاسکتا ہے۔ گٹھوں کا گلنا سڑنا (فیوزیریم) گلائل کو شدید نقصان پہنچانے والی بیماری ہے جس کے جراثیم مٹی میں موجود ہوتے ہیں جو صحت مند گٹھوں تک بھی پہنچ جاتے ہیں۔ لہٰذا گٹھوں کی کیورنگ اور صفائی کے بعد انہیں سردخانے میں رکھنے سے قبل پھپھوندی کش زہر لگائیں تا کہ ذخیرہ اندوزی کے دوران گٹھے پھپھوندی کی مختلف بیماریوں سے محفوظ رہیں۔

پنجاب کے موسمی حالات میں مئی تا اگست کے دوران درجہ حرارت بہت زیادہ ہوتا ہے جو گلائل کے گٹھوں کی خوابیدگی ختم کرنے کے لیے موزوں نہیں ہے اور اس دوران گلائل کے گٹھوں کے گلنے سڑنے کا خدشہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ اس صورتحال سے بچاؤ کے لیے گلائل کے گٹھوں کو سردخانے میں ذخیرہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ سردخانے میں ذخیرہ کرنے کے لیے موزوں درجہ حرارت 4 تا 5 ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔ گٹھوں کو نائیلون کی جالی دار بوریوں میں پیک کرنے کے بعد انہیں بلحاظِ ورائیٹی سردخانے میں 8 تا 12 ہفتے کے لیے ذخیرہ کیا جاتا ہے جو ان گٹھوں کی خوابیدگی کو ختم کرنے اور انہیں دوبارہ قابلِ کاشت بنانے میں معاون ہوتا ہے۔ مذکورہ بالا طریقے کے مطابق ذخیرہ کرنے سے گٹھوں کو گلنے سڑنے اور پھپھوندی کے حملے سے محفوظ رکھا جاسکتا ہے۔ بوائی سے ایک ہفتہ قبل گٹھوں کو سردخانے سے نکال لینا چاہیے۔ سردخانے سے گٹھے نکالنے کے بعد انہیں کمرے کے درجہ حرارت پر رکھیں اور اگر کوئی گٹھے بیماری سے متاثرہ ہوں تو انہیں الگ کردیں۔ بوائی سے قبل گٹھوں کو دوبارہ پھپھوندی کش زہر مثلاً ایلیٹ یا ریڈومل گولڈ بحساب 5 گرام فی لٹر پانی میں بھگوئیں تا کہ ذخیرہ اندوزی کے دوران پیدا شدہ پھپھوندی کے جرثوموں کو ختم کیا جاسکے۔

مذکورہ بالا طریقے سے گلائل کے گٹھوں کو کئی سال تک کاشت کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے اور ان سے مزید گٹھے بھی تیار کیے جاسکتے ہیں جو مستقبل میں مزید رقبے پر گلائل کی کاشت میں معاون ہو سکتے ہیں اور زرِ مبادلہ کی بچت کا باعث بن سکتے ہیں۔

HORTIMAG
Vol. 10 No. 01 | January - June, 2021

گلائل کے گٹھوں کی برداشت وبعداز برداشت نگہداشت

ڈاکٹر افتخار احمد، نوید احمد ۔۔۔ انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

تعارف

گلائل پاکستان میں کاشت کیا جانے والا ایک ہردلعزیز تراشیدہ پھول ہے جو گٹھے دار پھولوں میں سب سے زیادہ رقبے پر کاشت کیا جارہا ہے۔ پنجاب کے موسمی حالات میں اس کی کاشت موسمِ خزاں اور موسمِ سرما کے دوران ہوتی ہے جبکہ خیبر پختونخواہ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں اس کی کاشت موسمِ گرما کے دوران کی جاتی ہے۔ یوں تقریباً سارا سال گلائل کے پھول منڈیوں میں دستیاب رہتے ہیں۔ لہسن اور پیاز کی مانند گلائل میں بھی زیرِ زمین تنے بنتے ہیں جنہیں گٹھے یا بصلے (Corms) کہا جاتا ہے۔ گلائل اور دوسرے پیازی پھولوں کے گٹھے ہر سال ہالینڈ سے درآمد کیے جاتے ہیں جن پر کثیر زرمبادلہ خرچ ہوتا ہے۔ نامناسب دیکھ بھال کے باعث ہر سال بڑی تعداد میں گٹھے بیماریوں سے متاثر ہوکر خراب ہوجاتے ہیں لہٰذا اِن کی بعداز برداشت مناسب دیکھ بھال ضروری ہے تاکہ انہیں دوبارہ کاشت کے لیے استعمال کیا جاسکے۔

گٹھوں کی برداشت

پنجاب کے موسمی حالات میں موسمِ خزاں یا سرما کی کاشت کے پھولوں کی برداشت اپریل کے آواخر تک مکمل ہوجاتی ہے جس کے بعد زیرِ زمین موجود گٹھوں کو نکالنے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ اگلے موسم میں کاشت کے لیے انہیں محفوظ کیا جاسکے۔ گلائل کے گٹھوں کو پھولوں کی برداشت کے 4 تا 6 ہفتے بعد زمین سے نکال لینا چاہیے۔ وسطِ مئی کے بعد چونکہ درجہ حرارت خاصا بڑھ جاتا ہے لہٰذا گٹھوں کے گلنے کا امکان بھی بڑھ جاتا ہے۔ ہالینڈ گلائل کے گٹھوں کا بڑا پیداواری ملک ہے جہاں گٹھوں کی برداشت تا حتی پیکنگ کے دوران تمام امور مشینری کی مدد سے سرانجام دیئے جاتے ہیں تاہم پاکستان میں یہ امور افرادی قوت کے ذریعے سرانجام دیئے جاتے ہیں۔ زمین سے گٹھوں کی کھدائی کسی کی مدد سے کی جاتی ہے۔ گٹھوں کی کھدائی کے بعد انکی سطح پر موجود مٹی کو صاف کیا جاتا ہے۔ گٹھوں کی کھدائی کے لیے مزدوروں کا تجربہ کار ہونا نہایت ضروری ہے تاکہ گٹھوں کو نقصان سے محفوظ رکھا جاسکے۔ گٹھوں کی عمدہ کوالٹی پیداوار کے لیے پھولوں کو برداشت کرتے وقت پودے کے نچلے 2 تا 3 پتے پودے کے ساتھ چھوڑ دینے چاہییں تاکہ وہ گٹھوں کی نشوونما کے لیے خوراک کی تیاری میں معاون ہوسکیں۔ پھولوں کی برداشت کے بعد 1 تا 2 مرتبہ آبپاشی کرنی چاہیے اور بعد ازاں آبپاشی سے گریز کرنا چاہیے۔ پھولوں کی برداشت کے 4 تا 6 ہفتے بعد جب آدھے سے زائد پتے خشک ہوجائیں اور گٹھوں کے ساتھ موجود بچے (Cormels) بھورے رنگ میں تبدیل ہونا شروع ہوجائیں تو گٹھوں کو زمین سے نکال لینا چاہیے۔

صفائی وکیورنگ

زمین سے نکالنے کے بعد گٹھوں کو سایہ دار جگہ پر رکھنا چاہیے تاکہ ان کی مناسب طور پر کیورنگ ہوسکے۔ گٹھوں کی کھدائی کے بعد انہیں صاف پانی سے دھوئیں اور زخمی یا بیماریوں سے متاثرہ گٹھوں کو الگ کرکے ضائع کردیں۔ صحت مند گٹھوں کو ٹاپسن۔ ایم یا ایلیٹ کے پانچ گرام فی لٹر پانی کے محلول میں 5 تا 10 منٹ تک بھگونے کے بعد سایہ دار جگہ پر خشک کرلیں۔ خشک کرنے کے بعد انہیں ایک ہفتہ کے لیے ایسے کمرے میں رکھیں جہاں درجہ حرارت 30 تا 35 ڈگری سینٹی گریڈ ہو تاہم اگر درجہ حرارت 22 تا 24 ڈگری سینٹی گریڈ ہو تو ایسے کمرے میں انہیں دو ہفتے کے لیے رکھیں جہاں انکے زخم بھر جائیں اور ان کی اوپری سطح پر ہلکی سی تہہ نمودار ہوجائے جو گٹھوں سے پانی کے اخراج کو قابو کرتی ہے۔ اس عمل کو کیورنگ (Curing) کہتے ہیں۔ کیورنگ سے قبل گٹھوں کا بیرونی چھلکا نرم اور سفید رنگ کا ہوتا ہے جو کیورنگ کے بعد سخت اور قدرے بھورا ہوجاتا ہے۔ کیورنگ کے بعد گٹھے سردخانے میں رکھنے کے لیے تیار ہوجاتے ہیں جو انکی حفاظت اور خوابیدگی کو ختم کرنے کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ سردخانے میں رکھنے سے قبل گٹھوں کی اچھی طرح دوبارہ صفائی ضروری ہوتی ہے۔ نئے گٹھوں کے نیچے پرانا گٹھا موجود ہوتا ہے لیکن اس میں موجود خوراک استعمال ہوچکی ہوتی ہے اور یہ قابلِ استعمال نہیں رہتا لہٰذا اسے اتار دینا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ نئے گٹھوں سے غیرضروری جڑیں بھی اتار دینی چاہییں۔

نہیں بنے گی اور بیج بھی مٹی سے ڈھک جائے گا۔ بیج لگانے کے بعد سرکنڈا، چاولوں کی پرالی یا کیلے کے پتے، (تصویر 4) علاقے کے حساب سے جو چیز میسر ہو اُس سے ڈھانپ دیں۔ اس طرح ڈھانپنے سے زمین میں نمی محفوظ رہے گی، بیج گرمی سے بچا رہے گا اور اگاوٗ اچھا ہوگا۔ جب بیج اُگنا شروع ہو جائے تو شام کے وقت سرکنڈا کو اتار دیں تا کہ رات کے وقت گرمی نہ ہونے کے وجہ سے پودے نہ مریں اور اگلے دن گرمی برداشت کرنے کے قابل ہو جائیں۔ مئی سے لے کر ستمبر تک اس طریقے سے پیاز کی پنیری کو بہترین انداز میں کاشت کیا جاسکتا ہے اور پیاز کی قسم نصرپوری میں یہ طریقہ کامیاب بھی ہے۔

آبپاشی

پانی کی کمی سے پیاز کی پیداوار بہت متاثر ہوتی ہے۔ سطحی جڑیں ہونے کی وجہ سے پیاز کی فصل زیادہ گہرائی سے غذائی عناصر اور پانی جذب کرنے سے قاصر ہوتی ہے۔ پانی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے باقاعدگی سے پانی دیتے رہیں۔ پانی اتنی مقدار میں دیں کہ نہ زمین بہت زیادہ خشک ہونے پائے اور نہ ہی پانی کھڑا ہو۔

جڑی بوٹیوں، بیماریوں اور کیڑوں کا کنٹرول

جڑی بوٹیاں بہت سی بیماریوں اور نقصان دہ کیڑوں کی پناہ گاہ بنتی ہیں۔ پیاز کی شرح بڑھوتری کم ہونے کی وجہ سے پنیری غذائی اجزاء، پانی اور روشنی کے حصول کے لیے جڑی بوٹیوں سے مقابلہ نہیں کرسکتی۔ جیسے ہی جڑی بوٹیاں اگنا شروع ہوں ہاتھ سے نکال دیں (تصویر 5) اس سے پنیری صحت مند اور جلد تیار ہوگی۔ اگر کیڑے، مثلاً تھرپس، کا حملہ ہو تو بروقت (Solvigo) سالویگو یا (Nitenpyram) نائی ٹین پائرم) سپرے کریں۔ ڈیمپنگ آف (Damping off) کو کنٹرول کرنے کے لیے مناسب پانی کو زیادہ وقت کھیت میں کھڑا نہ رہنے دیں۔ بیماریوں کے حملے کی صورت میں مناسب فنجی سائیڈ (مثلاً سکور (Difenoconazole) اریوسل یا ٹاپسن ایم (Thiophanatemethyl) سپرے کریں۔ تمام ادویات کے سپرے علی الصبح یا شام کے وقت کریں۔

پنیری کو سخت جان بنانا، اکھاڑنا اور منتقل کرنا

منتقلی سے کچھ دن پہلے پانی روک دیں تا کہ پنیری سخت جان ہو جائے۔ پنیری اکھاڑنے سے ایک دن پہلے شام کے وقت ہلکا پانی لگائیں تا کہ پنیری اکھاڑے وقت زمین بھربھری ہو اور پودے جڑوں سمیت آسانی سے نکل سکیں۔ پنیری کے پودے بہت کمزور (باریک) نہ ہوں ورنہ منتقلی کے عمل کو برداشت نہیں کر پائیں گے۔ بہتر ہے کہ پودوں کے نیچے چھوٹی گنڈی (Bulblet) بننا شروع ہو چکی ہو (تصویر 6)۔ پنیری کو اکھاڑنے کے لیے پودوں کو ہاتھ میں پکڑ کر کھینچنا مناسب نہیں۔ کھرپے کی مدد سے جڑوں کو مٹی سمیت نکالیں (تصویر 7)۔ پودوں کے پتوں کے اوپر 1/5 حصہ کاٹا بھی جا سکتا ہے۔ اگر پنیری دوسرے شہروں میں بھیجنی ہو تو اس کو پٹ سن کی خشک بوریوں میں ڈال کر بھیجیں۔ بوری کو گیلا نہ کریں۔ ورنہ پنیری گل سڑ جائے گی۔ ایسی پنیری کو کھیت میں منتقل کرنے سے پہلے ایک یا دو دن سایہ دار جگہ پر رکھیں۔ پنیری کو شام کے وقت کھیت میں منتقل کریں۔ صبح یا دوپہر کے وقت منتقل کی گئی پنیری کے پودوں میں شرح اموات زیادہ ہوتی ہے۔ چونکہ پیاز کو گرمی کے مہینوں میں کھیت میں منتقل کیا جا رہا ہے۔ اس لیے ابتدائی دنوں میں خاص طور پر آبپاشی کا خیال رکھیں۔ کھیت میں ہلکی سی نمی رہے لیکن پانی کھڑا نہ ہونے پائے۔ بعدازاں موسم اور پودوں کی صورتحال کو پیش نظر رکھتے ہوئے آبپاشی کریں۔

تعاون کا شکریہ: مصنفین محترم کسان عبدالوہاب (ہالہ حیدرآباد، سندھ) کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے تصاویر فراہم کیں۔

HORTIMAG
Vol. 10 No. 01 | January - June, 2021

موسمِ گرما میں پیاز کی پنیری کی کاشت کا طریقہ

خرم ضیاف، حمزہ مجاہد، یاسر مجید، امان اُللہ ملک ۔۔۔ انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

تعارف

پیاز کا آبائی وطن مغربی ایشیا ہے۔ پیاز امریلیڈیسی (Amaryllidaceae) خاندان کا پودا ہے۔ اس کا سائنسی نام ایلیم سیپا اور مقامی نام پیاز (Onion) ہے۔ ہمارے ہاں اسے وصل، بصل اور گنڈا کے نام سے بھی پُکارا جاتا ہے۔ سبزیوں میں پیاز کو اہم مقام حاصل ہے۔ اسے تمام کھانوں میں اور سلاد کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ پیاز بہت سی موزی بیماریوں کا علاج ہے۔ پیاز میں موجود اہم فلیوُ نائڈ (Flavonoid)، کیورسٹن (Quercetin) پایا جاتا ہے۔ جو کہ موتیا اور کینسر سے بچاتا ہے۔ پیاز میں بہت سے معدنی اجزاء مثلاً کیلشیم، آئرن، فاسفورس کے علاوہ پروٹین اور وٹامن سی بھی پایا جاتا ہے۔ طبعی لحاظ سے بھی اسے اہمیت حاصل ہے۔ اس کے استعمال سے خون میں چربیلا مادہ (کولیسٹرول) جمنے نہیں پاتا اور دلبلڈ پریشر اور دیگر مہلک امراض سے محفوظ رہتا ہے۔ پیاز میں ایک مرکب ایلیسن (Allicin) پایا جاتا ہے جو کہ موٹاپا، جوڑوں اور پھٹوں کے درد اور زیابیطس میں مفید ہے۔ پیاز میں موجود اہم مرکب آلائل پروپائل ڈائی سلفائیڈ (Allylpropyl disulfide) معدے کے کینسر کے خلاف بہت کارگر ہے۔ پیاز کا عرق جراثیم کش، پھپھوندی کش اور دردکش خصوصیات کا حامل ہے۔

پیداوار کے لحاظ سے چین دنیا میں پہلے اور پاکستان پانچویں نمبر پر ہے۔ پاکستان کے مختلف علاقوں میں پیاز کی کاشت مختلف مہینوں میں ہوتی ہے۔ صوبوں میں پیداوار کے لحاظ سے سندھ سرفہرست ہے جبکہ بلوچستان، پنجاب اور خیبر پختونخواہ بالترتیب دوسرے، تیسرے اور چوتھے نمبر پر ہیں۔ پنجاب میں پیاز کی زیادہ تر کاشت موسم سرما (ستمبر تا نومبر) میں کی جاتی ہے جبکہ برداشت اپریل تا مئی میں کی جاتی ہے۔ جبکہ سندھ سے پیاز کی ترسیل زیادہ تر مارچ تا اپریل میں ہوتی ہے۔ سندھ میں پیاز کی قسم نصرپوری موسم گرما میں کاشت کی جاتی ہے۔ جو کہ دسمبر تا مارچ برداشت کی جاتی ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخواہ سے پیاز کی ترسیل وسط اگست تا نومبر تک رہتی ہے۔ تاہم یہ پیداوار ملکی ضروریات کے مقابلے میں کم ہوتی ہے جسکی وجہ سے ملک میں دسمبر آخر تا جنوری (بعض سالوں میں فروری میں بھی) پیاز کی قلت ہوتی ہے۔ پنجاب میں پیاز کی برداشت کے وقت سندھ کی پیاز بھی منڈیوں میں دستیاب ہوتی ہے جسکی وجہ سے پنجاب کے کسانوں کو پیاز کا ریٹ مناسب نہیں ملتا۔ چنانچہ پچھلے چند سالوں سے پنجاب میں پیاز کاشت کرنے والے کسانوں نے پیاز کی مناسب قیمت حاصل کرنے کے لیے موسم گرما (جولائی - اگست) میں نصرپوری پیاز کی کاشت شروع کی ہے، جسکی پنیری سندھ سے منگوائی جاتی ہے۔ چونکہ پیاز موسم سرما کی فصل ہے، لہٰذا اس کی پنیری کو موسم گرما میں کاشت کرنے کے لیے مخصوص طریقہ کار اختیار کیا جاتا ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

زمین کی تیاری

پنیری کاشت کرنے کے لیے ایسی زمین کا انتخاب کیا جائے جس میں پانی جذب کرنے کی صلاحیت موجود ہو۔ اس زمین میں کاشت سے پہلے خوب گلی سڑی گوبر کی کھاد ڈال کر اچھی طرح ہل چلا دیا جائے۔ آبپاشی کے بعد وتر آنے پر ایک یا دو دفعہ ہل چلا چھوڑ دیا جائے تا کہ جڑی بوٹیاں اُگ آئیں اور ان کو تلف کیا جا سکے۔

طریقہ کاشت برائے پنیری

پیاز کی پنیری 4 تا 5 مرلے پر کاشت کی جاتی ہے جو کہ ایک ایکڑ رقبہ کے لیے کافی ہوتی ہے۔ پنیری کو کاشت کرنے کے لیے ہل اور سہاگہ چلا کر زمین کو اچھی طرح تیار کریں۔ اس کے بعد مناسب لمبائی کی 5 یا 6 فٹ چوڑی مستطیل نما کیاریاں بنالیں (تصویر 1)۔ کیاریوں کو اچھی طرح ہموار کر کے ان میں صبح کے وقت پانی لگا دیں (تصویر 2) اور شام کے وقت دوبارہ پانی لگا کر اس کھڑے پانی میں مناسب مقدار میں بیج کا چھٹا کر دیں (تصویر 3)۔ اُس سے اگلے دن صبح کے وقت بیج کو بھل کی باریک تہہ سے ڈھانپ دیں۔ اس طرح بھل ڈالنے کا فائدہ یہ ہوگا کہ بھل بیج کے اوپر چپکے گی بھی نہیں یعنی کرنڈ (سخت تہہ) بھی

HORTIMAG
Vol. 10 No. 01 | January - June, 2021

ایسے علاقے جہاں موسمِ سرما کے دوران برفباری ہوتی ہے وہاں ملچنگ کی موٹی تہہ بچھا کر پودوں کو کم درجہ حرارت کے باعث ہونے والی چلنگ انجری (Chilling injury) سے بچایا جاسکتا ہے۔ موسمِ سرما میں ملچنگ کے لیے لکڑی کے باریک ٹکڑوں اور مونجی کی پرالی کا بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان کے کئی علاقوں میں کُہر فصلوں اور نباتات کو بہت نقصان پہنچاتا ہے۔ پودوں کو پرالی سے ڈھانپ کر کُہر کے اثرات کو کم کیا جاسکتا ہے۔ خشک اور گرم علاقوں میں موسمِ گرما کے دوران پودوں کی جڑوں کی نشو ونما والی سطح میں نمی کو برقرار رکھنا ایک چیلنج ہوتا ہے تاہم ملچنگ کے ذریعے نمی کو لمبے عرصے کے لیے برقرار رکھا جاسکتا ہے۔

پنجاب کے موسمی حالات میں موسمِ سرما میں دسمبر جنوری کے دوران درجہ حرارت بہت کم ہو جاتا ہے۔ اس لیے موسمِ سرما میں کاشت کیے جانے والے پھولوں کی برداشت کا دورانیہ بہت لمبا ہو جاتا ہے۔ پلاسٹک ملچ کے استعمال سے اس دورانیے کو کم کیا جاسکتا ہے۔ موسمِ گرما میں گلِ شبو اور گلاب کے کھیت میں جڑی بوٹیوں کا مسئلہ شدت اختیار کر جاتا ہے۔ پلاسٹک ملچ کے استعمال سے بہتر طور پر جڑی بوٹیوں کی روک تھام کی جاسکتی ہے۔ علاوہ ازیں اس سے نمی کو بھی برقرار رکھا جاسکتا ہے جس سے آبپاشی کے دورانیے کو بڑھایا جاسکتا ہے۔

پودوں کی نرسری پلاسٹک کے تھیلوں میں تیار کرنے سے کم اخراجات کے ساتھ عمدہ کوالٹی پودے تیار کیے جاسکتے ہیں جنہیں جڑوں کو نقصان پہنچائے بغیر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جاسکتا ہے۔ اس طریقہ سے نہ صرف پودوں کی جڑیں محفوظ رہتی ہیں بلکہ پودوں کو زمین سے نکالنے کے اخراجات میں بھی کمی واقع ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ زمین میں موجود جرثوموں اور جڑی بوٹیوں کے بیجوں کو پلاسٹک شیٹ سے ڈھانپ کر ختم کیا جاسکتا ہے۔ موسم گرما کے دوران جب درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ کے قریب ہو تو کھیت کو پلاسٹک شیٹ سے ڈھانپ کر آبپاشی کر دیں۔ پلاسٹک شیٹ کی وجہ سے درجہ حرارت مزید بڑھ جاتا ہے جس کے باعث جراثیم ختم ہو جاتے ہیں اور جڑی بوٹیوں کے بیج روئیدگی کے بغیر ختم ہو جاتے ہیں۔ اس عمل کو سولرائیزیشن (Solarization) کہتے ہیں۔ یہ عمل گلائل کی کاشت والی زمینوں کو پھپھوندی کے جرثوموں سے پاک کرنے کے لیے نہایت موثر ہے

گلِ داؤدی اور بعض دوسرے پھولدار پودوں میں بعض اوقات جلد درجہ حرارت کم ہونے کے باعث پھولوں کا کھلنا موخر ہو جاتا ہے۔ ایسی صورتحال میں پودوں کو پلاسٹک شیٹ سے ڈھانپ کر جلد پھول تیار کیے جاسکتے ہیں جو کاشتکاروں کے لیے منافع کا باعث بن سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایسی زمینیں جہاں دیمک کا خطرہ ہو یا زمین کاشت کے لیے ناموزوں ہو تو ایسی زمینوں میں دو تا تین فٹ گہرے گڑھے کھود کر پلاسٹک شیٹ بچھا کر اس میں موزوں نامیاتی میڈیا ڈال کر بذریعہ ڈرپ آبپاشی سے پودوں کو کاشت کیا جاسکتا ہے۔ پھلدار پودوں بالخصوص آم، جامن وغیرہ کے پودوں میں گدھیڑی سے بچاؤ کے لیے پودوں کے تنوں کے گرد پلاسٹک شیٹ کو گریس کے ساتھ لپیٹا جاتا ہے تاکہ پودے گدھیڑی کے نقصان سے محفوظ رہیں۔ باغبانی میں روز بروز بلاسٹک کا استعمال بڑھتا جا رہا ہے اور جوں جوں باغبانی ملک کے مختلف علاقوں میں فروغ پا رہی ہے تو قوی امید یہی ہے کہ مستقبل میں پلاسٹک کے استعمال میں بھی مزید اضافہ ہوگا۔

عمدہ کوالٹی نرسری اور پودوں کی کاشت کیلئے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا تیار کردہ مقامی نامیاتی میڈیا
Organic & Natural
Soilless Potting Substrate
Best for Quality Nursery and Uniform Plant Growth
A Product of
University of Agriculture, Faisalabad
Details & Queries
Institute of Horticultural Sciences, UAF
Ph: 041-9201086, 0334-7416664
www.uaf.edu.pk
UAF-Gro®
N-1 P-1
Net Contents When Packed 20 kg
USDA

HORTIMAG
Vol. 10 No. 01 | January - June, 2021

باغبانی میں پلاسٹک کا استعمال

ڈاکٹر افتخار احمد، نوید احمد ۔۔۔ انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

گزشتہ صدی کے وسط میں زراعت میں ایک نیا شعبہ معرضِ وجود میں آیا ہے جسے پلاسٹیکلچر (Plasticulture) کا نام دیا گیا ہے۔ پلاسٹیکلچر سے مراد زراعت میں پلاسٹک کا استعمال ہے۔ مثلاً نئے پودوں کی تیاری کے لیے پلاسٹک کے تھیلوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ان تھیلوں میں پودوں کے بیج یا قلمیں لگائے جاتے ہیں جس سے نئے پودے با آسانی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیے جا سکتے ہیں اور تھیلوں میں ہونے کے باعث پودوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی کے دوران جڑوں کو کوئی نقصان بھی نہیں پہنچتا۔ یہ پلاسٹیکلچر کے زمرے میں آتا ہے۔ ہارٹیکلچر کے شعبے میں پلاسٹک ٹنل کا استعمال وسیع پیمانے پر کیا جاتا ہے اور بے موسمی سبزیاں تیار کی جاتی ہیں جس کی وجہ سے سارا سال منڈیوں میں سبزیوں کی دستیابی رہتی ہے اور کسانوں کو کھلے کھیت میں کاشت کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ نفع حاصل ہوتا ہے۔ اسی طرح پلاسٹک کی بنی شیٹوں کو فصلوں کی ملچنگ (Mulching) کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے جس کے کئی فوائد ہیں۔

ملچنگ فصلوں کی کاشت کے لیے استعمال ہونے والا ایک ایسا طریقہ کار ہے جس میں پودوں کے درمیان موجود خالی جگہ کو کسی مواد سے ڈھانپ دیا جاتا ہے تاکہ ایسی جگہوں پر جڑی بوٹیوں کے اُگاؤ کو روکا جاسکے، جڑوں کی نشوونما کے لیے زمینی سطح کے درجہ حرارت کو بڑھایا جاسکے اور زمین میں نمی کو لمبے عرصہ تک برقرار رکھا جاسکے۔ عام طور پر گزشتہ صدی کے دوران ملچنگ کے لیے فصلوں کی باقیات یا کسی دوسرے نامیاتی مواد کو استعمال کیا جاتا تھا تاہم آجکل جدید کاشتکاری میں پلاسٹک شیٹ کو بطور ملچنگ میٹریل (Mulching material) استعمال کیا جاتا ہے۔ نامیاتی ملچ (فصلوں کی باقیات) کا استعمال تو زمانہ قدیم سے رائج ہے تاہم پلاسٹک ملچ کا استعمال گزشتہ صدی کے وسط میں شروع ہوا اور سب سے پہلے اسے سبزیوں کی کاشت کے لیے استعمال کیا گیا اور اب صورتحال یہ ہے کہ دنیا میں تقریباً چھ ہزار پانچ سو مربع کلومیٹر زرعی زمینوں پر پلاسٹک ملچ کا استعمال ہو رہا ہے اور دنیا میں پلاسٹک کی کُل پیداوار کا چار فیصد زراعت کے شعبے میں استعمال ہو رہا ہے۔ سبزیوں کے علاوہ پلاسٹک ملچ کا استعمال پھولوں، پھلوں اور ادویاتی پودوں کی کاشت کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔

جڑی بوٹیوں کا تدارک اور زمین میں مناسب نمی کو برقرار رکھنا کاشتکار حضرات کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔ جڑی بوٹیوں کے تدارک کے لیے بار بار جڑی بوٹی مار زہروں کا سپرے کیا جاتا ہے یا گوڈی کے ذریعے انہیں ختم کیا جاتا ہے جس سے فصل کی کاشت پر ہونے والے کل اخراجات میں اضافہ ہوجاتا ہے اور منافع میں کمی واقع ہوجاتی ہے۔ علاوہ ازیں جڑی بوٹیوں کے تدارک کے لیے استعمال ہونے والی زہریں کسی لحاظ سے بھی ماحول دوست نہیں ہیں اور پودوں کی نشوونما کو بھی متاثر کرتی ہیں۔ پاکستان کی زمینوں میں نامیاتی مادوں کی خاصی کمی ہے لہٰذا ان میں پانی کو لمبے عرصہ کے لیے جذب رکھنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے جس کے باعث زیادہ تعداد میں آبپاشی کی ضرورت ہوتی ہے جو فصل پر ہونے والے اخراجات بڑھنے کا ایک سبب بھی ہے۔ ملچنگ کے ذریعے ان مسائل پر خاطر خواہ قابو پایا جاسکتا ہے۔ موسم سرما میں روٹ زون (Root zone) میں مٹی کا درجہ حرارت ضرورت سے کم ہوجاتا ہے جس سے پودے کی نشوونما متاثر ہوتی ہے جس کے باعث فصل کی کاشت کا دورانیہ بڑھ جاتا ہے۔ ملچنگ کے ذریعے جڑوں کی نشوونما والی تہہ میں مٹی کا درجہ حرارت متوازن رکھا جاسکتا ہے جو فصل کی مناسب وقت پر تیاری میں معاون ہوتا ہے۔

پلاسٹک سے تیار کی گئی ملچ کئی رنگوں میں دستیاب ہے تاہم زیادہ تر سفید، سیاہ اور بے رنگ ملچ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ باقی رنگوں کی ملچ کی افادیت پر تحقیق جاری ہے۔ مختلف رنگوں کی پلاسٹک ملچ روٹ زون کا درجہ بڑھانے میں مددگار ہیں تاہم سفید اور بے رنگ کی ملچ درجہ حرارت بڑھانے میں سیاہ رنگ کی ملچ کی نسبت زیادہ موثر ہے۔ سیاہ ملچ جڑی بوٹیوں کے تدارک کے لیے زیادہ موثر ہے کیونکہ اس کے استعمال سے جڑی بوٹیوں کو بڑھوتری کے لیے روشنی میسر نہیں ہوتی۔ پلاسٹک ملچ کی ایک قسم سیاہ اور سفید رنگ کا مجموعہ ہوتی ہے جس میں سیاہ رنگ نیچے اور سفید اوپر ہوتا ہے۔ سفید رنگ درجہ حرارت بڑھانے کے کام آتا ہے اور سیاہ رنگ جڑی بوٹیوں کے تدارک کے لیے زیادہ موثر ہے۔ پلاسٹک ملچ کی ایک نئی قسم انفرارڈ ٹرانسمٹنگ ملچ (Infrared Transmitting Mulch) ہے جو بھورے رنگ کی ہوتی ہے۔ یہ سیاہ ملچ کی نسبت جڑوں کی نشوونما والی سطح کا درجہ حرارت بڑھانے میں زیادہ موثر ہے اور جڑی بوٹیوں کے تدارک کے لیے بھی زیادہ موزوں ہے۔

HORTIMAG

Vol. 10 No. 01 | January - June, 2021

PAKISTAN HORTICULTURE RESOURCE GUIDE

A Project of Hortimag Editorial Team

PROMOTE YOUR BUSINESS THROUGH PSHS RESOURCE GUIDE

http://www.pshsciences.org/publications/resourceguide/registration/

WHY RESOURCE GUIDE?

- To enhance visibility of your business
- To facilitate customers / clients access to your business

REGISTRATION OPEN

August 01, 2021 - October 31, 2021

Registration Fee: Rs. 500/- only (Valid until December 31, 2022)
Rs. 2000/- only (Valid until December 31, 2026)

Advertisement Slots are also Available

Details/Queries:

Prof. Dr. Aman Ullah Malik
Editor in Chief
0333-6516883

Dr. Iftikhar Ahmad
Managing Editor
0334-7416664

Dr. Raheel Anwar
Editor
0336-1728833

Dr. Muhammad Azher Nawaz
Associate Editor
0300-6859364

Regional/Sectoral Editors

PUNJAB				SINDH & BALOCHISTAN		KPK / AJK / GB	
Dr. M. Jafar Jaskani	0333-8374556	Dr. Basharat Ali Saleem	0300-7705152	Dr. Mushtaq Soomro (SN)	0300-3110176	Dr. Gohar Ayoub (KPK)	0333-9383488
Dr. Ishtiaq A Rajwana	0300-6351551	Dr. Umer Habib	0317-4693269	Mr. Shahmeer (SN)	0305-8167105	Dr. Kashif Waseem (KPK)	0346-7860010
Dr. Aamir Nawaz	0300-6320682	Mr. Malik Mohsin	0301-3201255	Mr. Ahmad Jan (BL)	0333-7822527	Dr. Muhammad Sajid (KPK)	0333-9355665
Dr. Muhammad Amin	0300-6853074	Mr. M. Irfan Nawaz	0301-6064219	Mr. Faheem Ahmad (BL)	0334-4058071	Dr. Mehdi Maqbool (AJK)	0301-4366569
Dr. Zahoor Hussain	0337-0715978	Mr. M. Abdul Salam Khan	0333-4321270	Mr. Shahab Ud Din (BL)	0333-7835701	Mr. Ghulam Ullah Saqib (GB)	0346-8116943

Queries/Comments/Advertisements

Dr. Iftikhar Ahmad
Managing Editor, Hortimag
University of Agriculture,
Faisalabad

Tel: 041-9201086
Cell: 0334-7416664
Email: hortimag@pshsciences.org